## سوال

(163)جمعہ کے روز فوت ہونا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا جمعہ کے دن فوت ہونے کی کوئی فضیلت ہے۔ بعض لوگ کہتے ہیں کہ جو شخص جمعہ کے دن فوت ہو وہ جنتی ہوتا ہے قرآن وسنت سے اس کی وضاحت کریں۔ (محمد سلیمان سعید، رحیم یارخان)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جمعہ کے دن فوت ہونے والے کے بارے میں ذکر کردہ فضیلت کا مجھے علم نہیں البتہ یہ بات یاد رکھیں کہ جنت میں داخلے کے لئے صحیح اوراعمال صالحہ اور خاتمہ بالخیر کی ضرورت ہے جس شخص کا عقیدہ بالکل صحیح عقیدہ ہو وہ کسی کفر و شرک کے ارتکاب کے بغیر اس دنیا سے چلا گیا تو اللہ اسے ضرور اپنی جنت میں داخل کرے گا۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی کئی ایک احادیث صحیحہ میں یہ بات موجود ہے کہ جس شخص کا آخری کلام لا الہ الا اللہ ہوا وہ جنت میں داخل ہو گا اور اگر اللہ کے ساتھ شرک کیو ہو یا کسی صریح کفر کا ارتکاب کیا ہو اور اس پر توبہ نہیں کی اور موت آگئی تو ایسے شخص کا جنت میں داخلہ نہیں ہو گا اللہ تعالیٰ ہمیں اعمال صالحہ اور عقائد صحیحہ پر قائم رکھے اور کفر و شرک سے محفوظ فرمائے۔ آمین

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

تفہیمِ دین

**کتاب الجنائز، صفحہ: 219**

محدث فتویٰ